Shabbir / Fazil

12-10-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسعد اللہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- وزیراعظم نریندر مودی نے بھارتی نوجوانوں کے، قدیم ثقافتی جڑوں سے وابستہ رہنے کے ساتھ ساتھ، عالمی چیلنجوں کو حل کرنے میں، اُن کی صلاحیت کو اُجاگر کیا ہے۔

2- دلی سرکار DURGA اسکیم کے تحت خواتین اور مخنث افراد کو، ایک ہزار 300 ای۔آٹو تقسیم کرے گی۔

3- ریاض ہوائی اڈے پر دو دن کے اندر اندر، حوثیوں کی طرف سے کیے گئے دوسرے حملے میں، ایک شخص ہلاک اور 11 زخمی ہوگئے۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس اور یوکرین کے درمیان توانائی کے ٹھکانوں پر کیے جانے والے حملوں کو فوری طور پر روکنے کا اعلان کیا ہے۔

5- جبوٹی ساحل سے کچھ دور، ایک کشتی کے الٹ جانے کے حادثے میں 139 افراد ہلاک ہوگئے، جس میں گنجائش سے زیادہ لوگ سوار تھے۔

6- اور کرکٹ میں .... بھارت نے تیسرے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں، ویسٹ انڈیز کو 14 رن سے ہراکر، پانچ میچوں کی سیریز میں، دو۔ایک سے سبقت حاصل کرلی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Indian Youth

وزیراعظم نریندر مودی نے چنئی میں ’جے گوپال گارودیا ہندو ودیالیہ‘ کی گولڈن جوبلی تقریبات کے دوران، بھارتی نوجوانوں کی عالمی صلاحیت کا ذکر کیا۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ عالمی برادری، ابھرتے ہوئے چیلنجز کے اختراعی حل کی تلاش کیلئے سرگرم ہے۔ انھوں نے مکمل اعتماد ظاہر کیا کہ بھارت کے نوجوانوں میں صلاحیت اور ہنر دونوں موجود ہیں۔

Byte : PM Viksit Bharat- Chennai

وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ موجودہ دور، نوجوان نسل کا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اُن کے تازہ خیالات اور محنت سے بھارت اور وسیع تر دنیا، دونوں کے مستقبل کو ایک شکل ملے گی۔

عالمی مسائل کے حل کے علاوہ وزیراعظم نے قومی یکجہتی اور تمل وراثت کی، لازوال دانشمندی پر مرکوز ایک پیغام بھی دیا۔ انھوں نے خاص طور پر قدیم تمل کلاسک Thirukkural کی بھی، زندگی اور زندگی بھر کی آموزش کیلئے ایک لازمی رہنما کے طور پر ستائش کی، جس سے طلبا کو یہ یاد دہانی ہوتی ہے کہ علم کے حصول کے ساتھ ساتھ اِس پر عمل بھی کرنا چاہیے۔ جناب مودی نے طلبا سے زور دے کر کہا کہ وہ بڑے خواب دیکھیں، الگ انداز میں سوچیں اور نڈر ہوکر کام کریں۔ وزیراعظم نے آج ملک میں بے شمار موقعوں کی دستیابی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان 2047 تک وکست بھارت کے ویژن کو حقیقت کی شکل دینے میں مرکزی کردار کے حامل ہیں۔x

S/B PM Dream Youth

Delhi Govt Durga E-Auto Scheme

دلی سرکار DURGA اسکیم کا آغاز کرے گی۔اِس اسکیم کے تحت خواتین اور مخنثوں کیلئے ڈرائیونگ، اُن کی زندگی کو بہتر بنانے اور روزگار کیلئے E-Autos جاری کیے جائیں گے۔ اِس کا مقصد خواتین اور مخنث افراد کیلئے محفوظ، باوقار اور مستقل خود روزگاری کے موقعے پیدا کرنا ہے۔

اِس پہل کے تحت قومی راجدھانی میں ماحول کے لیے سازگار اور سب کی شمولیت والی نقل و حمل کو بھی فروغ دیا جائے گا۔

حکومت نے یہ بھی بتایا ہے کہ اِس اسکیم سے، پہلے مرحلے میں 1300 گلابی الیکٹرک Autos کو مختص کرنے میں سہولت فراہم ہوگی، جن میں سے ایک ہزار ایک سو 70 الیکٹرک Autos، خواتین کیلئے اور 130 Autos، مخنث افراد کے لئے مختص ہوں گے۔

پہلے مرحلے کے تحت، محصول کے ہر ضلع میں، خواتین کیلئے زیادہ سے زیادہ 90 الیکٹرک Autos اور مخنث افراد کے لئے 10 آٹو مختص کیے جائیں گے۔x

DMRC Metro

دلّی میٹرو ریل کارپوریشن DMRC نے مطلع کیا ہے کہ سکیورٹی وجوہات کی بنا پر نئی دلّی میں 6 میٹرو اسٹیشنوں پر داخلے اور نکلنے پر آج شام 4 بجے تک پابندی رہے گی۔ اِن اسٹیشنوں میں پٹیل چوک، جن پتھ، راجیو چوک، منڈی ہاؤس، سینٹرل سکریٹریٹ اور بارہ کھمبا روڈ شامل ہیں۔

تاہم DMRC نے واضح کیا ہے کہ تمام متعلقہ اسٹیشنوں پر انٹرچینج کی سہولت دستیاب رہے گی۔x

PM 25 Years My Bharat

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کر لیے ہیں۔ ’’جن سیوا سے دیش سیوا‘‘ کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔

سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کر رہی ہے۔

اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ ’’میرا یووا بھارت - مائی بھارت پہل‘‘ کے ذریعے اِس نظریے کو کس طرح عملی شکل دی گئی ہے۔

Capsule - Vikalp Shukla

مائی بھارت نوجوانوں پر مرکوز پہل ہے، جس کا آغاز سرکار نے 31 اکتوبر 2023 کو کیا تھا۔ اس پہل کا مقصد نوجوانوں کو ملک کی تعمیر کے کاموں سے مربوط کرنا اور اُنہیں مختلف سماجی سرگرمی سے حصہ لینے کے موقع فراہم کرنا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ مائی بھارت پہل 21 ویں صدی میں ملک کی تعمیر میں ایک بڑا رول ادا کرے گی۔

S/B - PM

چھتیس گڑھ میں، مائی بھارت سرگرمیوں سے نوجوانوں کی وسیع پیمانے پر شرکت کو ایک نئی سَمت ملی ہے۔

چھتیس گڑھ کے مائی بھارت کے ریاستی ڈائریکٹر اَرپِت تیواری نے بتایا کہ مائی بھارت تنظیم کے ذریعے چھتیس گڑھ کے نوجوان قومی سطح پر اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

Byte - Arpit Tiwari

مائی بھارت کا مقصد نوجوانوں میں قائدانہ صلاحیتیں، ذمہ داری کا احساس اور سماجی خدمات کا جذبہ پیدا کرنا اور وِکست بھارت کی تعمیر میں اُنہیں سرگرم شراکت دار بنانا ہے۔

رائے پور سے وِکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

Rajnath Ram Manohar Lohia

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے مفکر اور مجاہدِ آزادی ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کو آج اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے سیاسی دیانت داری، سماجی انصاف اور پسماندہ طبقے کے حقوق کیلئے جدوجہد کی ایک مثال پیش کی ہے۔ ×

Sonowal Tanker Attack

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے محکمے کے وزیر سربانند سونووال نے بتایا کہ مارشل جزائر کا پرچم بردار بحری جہاز MT Valthera کو آبنائے ہُرمز میں ایک پروجیکٹائل سے نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں اس میں آگ لگ گئی۔ اِس بحری جہاز میں 11 بھارتی ملاح سوار تھے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سونووال نے کہا کہ بھارتی عملے کے تمام 11 اہلکار محفوظ بتائے گئے ہیں۔

جناب سونووال نے یہ بھی بتایا کہ ایک اور ٹینکر MT Petro Dolphin پر Sohar کے مقام پر ڈرون حملہ ہوا۔ جس میں 11 بھارتی ملاح سوار تھے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی عملے کے 9 اہلکاروں کو کامیابی کے ساتھ بچا لیا گیا ہے اور وہ محفوظ ہیں، جبکہ دو بھارتی شہریوں کا فی الحال کچھ پتہ نہیں ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Riyadh Attack

سعودی عرب کی راجدھانی ریاض میں بین الاقوامی ہوائی اڈے پر دوسری بار کیے گئے حملے میں ایک شخص ہلاک اور 11 زخمی ہوگئے۔ سعودی فوج کے ترجمان نے بتایا کہ کُل ایک ہتھیار، شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے پر آکر گرا، جس کی وجہ سے یہاں مسافروں کے بیٹھنے کی ایک جگہ پر آگ لگ گئی۔ یہ واقعہ اِسی ہوائی اڈے پر کیے گئے ایک حملے کے ایک دن بعد پیش آیا ہے جس میں 13 افراد ہلاک اور 308 زخمی ہوگئے تھے۔

یمن میں حوثیوں نے کہا ہے کہ اِن حملوں میں اُن کا ہاتھ ہے اور ایئرلائنس اور مسافروں کوخبردار کیا ہے کہ وہ سعودی عرب کے ہوائی اڈوں اور ہوائی راستوں کا استعمال نہ کریں۔

حوثیوں نے کہا ہے کہ اُنھوں نے ہوائی اڈے پر بیلسٹک اور کروز میزائلوں، نیز ڈرون سے حملے کیے ہیں۔

انھوں نے مشرقی سعودی عرب میں تیل تنصیبات اور دمّام ہوائی اڈے پر بھی حملے کیے ہیں۔ حوثیوں نے خبردار کیاہے کہ سبھی ہوائی اڈے اُن کے نشانے پر ہیں۔

انھوں نے کہا ہے کہ وہ، یہ حملے یمن کی خانہ جنگی اور صنعاء میں ہوائی اڈے پر ایک فضائی حملے کی وجہ سے، سعودی عرب کی طرف سے سرکاری فوجوں کو حمایت دینے کے سبب کر رہے ہیں۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اُن کا ملک اِس سلسلے میں کوئی فیصلہ اور جلد کارروائی کرے گا کہ آیا حوثیوں پر حملہ کیا جائے؟

Indian Killed Saudi Arabia

سعودی عرب کی راجدھانی ریاض کے شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر کل ہوئے حملے میں ایک بھارتی شہری زخمی ہو گیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ریاض میں بھارتی سفارتخانے نے زخمی ہونے والے شخص کے اہلِ خانہ کے ساتھ یگانگت کا اظہار کیا اور کہا کہ وہ اُنہیں تمام ضروری مدد فراہم کر رہا ہے۔ ہفتے کے روز ہوئے حملے میں زخمی ہونے والے تقریباً 300 افراد میں 10 بھارتی شہری بھی شامل تھے۔

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا کہ ریاض کے ہوائی اڈّے پر ہوئے حملے کے بعد وہاں موجود بھارتی سفارتخانہ تمام ضروری اقدامات کر رہا ہے۔×

J&K Vaishno Devi Pilgrims

جموں و کشمیر میں Trikuta پہاڑیوں پر واقع شری ماتا ویشنو دیوی مندر میں عقیدتمند بڑی تعداد میں پہنچ رہے ہیں۔ Shardiya Navratra کے پہلے دن کُل 47 ہزار 346 عقیدتمندوں نے شری ماتا ویشنو دیوی میں پوجا ارچنا کی۔ 9 روزہ تہوار کے آغاز میں بڑی تعداد میں عقیدتمند ماتا ویشنو دیوی کا آشیرواد حاصل کرنے کیلئے کٹرہ کے بنیادی پڑاوٗ پہنچ رہے ہیں۔×

Trump Energ Ceasefire

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ روس اور یوکرین نے ساڑھے چار سال سے جاری جنگ میں، توانائی کے ٹھکانوں پر حملوں کو روکنے سے اتفاق کیا ہے، لیکن انھوں نے اِس سلسلے میں کوئی تفصیل نہیں بتائی۔

کل رات، جناب ٹرمپ کی ایک مختصر سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ جنگ بندی فوری طور پر کردی گئی ہے۔ البتہ روس نے اِس سلسلے میں کوئی فوری رائے زنی نہیں کی ہے۔

یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے کہا کہ اُن کا ملک ٹرمپ کے اِس اعلان کا، ہر ایک کیلئے ایک اچھی خبر کے طور پر خیر مقدم کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ یوکرین، روس کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملوں سے گریز کرنے کو تیار ہے۔ البتہ زیلنسکی نے روس پر الزام لگایا ہے کہ وہ ٹرمپ کے اِس اعلان کے باوجود یوکرین کی توانائی سے متعلق تنصیبات پر حملے جاری رکھے ہوئے ہے۔x

East Africa Boat Capsize

ترکِ وطن کرنے والوں سے متعلق بین الاقوامی تنظیم IOM نے بتایا ہے کہ 15 بچوں سمیت 139 افراد کی موت ہوگئی ہے۔ ایک کشتی میں اِس کی گنجائش سے زیادہ، 305 افراد سوار تھے، کہ یہ کشتی، مشرقی افریقہ میں، جِبوتی کے ساحل سے کچھ دور Guhere کے نزدیک اُلٹ گئی۔

IOM نے بتایا ہے کہ یہ کشتی، جمعرات کی رات، کنارے سے روانہ ہی ہوئی تھی کہ کچھ دور جاکر الٹ گئی۔

سرکاری طور پر مرنے والوں کی تعداد 139 بتائی گئی ہے، اگرچہ جِبوتی میں IOM کے مشن کے سربراہ نے وضاحت کی ہے یہ تعداد اُن ہلاک شدگان کی ہے، جن کی تدفین مقامی حکام نے کی ہے۔x

IMD Weather

آج علی الصبح دلّی کے کچھ حصوں میں شدید بارش ہوئی۔ بھارتی موسمیات محکمے IMD کے مطابق کل تک دلّی میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیات محکمے نے مزید کہا ہے کہ آج ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب، ہماچل پردیش اور چھتیس گڑھ میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے امکان ہے۔x

Cricket

کرکٹ میں، بھارت نے کل رات کھیلے گئے تیسرے ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں ویسٹ انڈیز کو 14 رن سے شکست دے دی۔ یہ میچ اندور کے Holkar اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ 224 رن کا تعاقب کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹ کے نقصان پر 209 رن ہی بنا سکی۔

Shimron Hetmayer نے سب سے زیادہ 43 رن کا اسکور کیا، جبکہ کامل پورن نے 42 رن بنائے۔

بھارت کی طرف سے ارشدیپ سنگھ نے 3 وکٹ حاصل کیے اور انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

MP Bufealo Conservation

تقریباً 100 سال بعد مدھیہ پردیش میں واقع Kanha Tiger Reserve میں جنگلی بھینسوں کو اُن کے قدرتی مسکن میں لانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

اتوار کے روز وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے 8 جنگلی بھینسوں کو 17 ہیکٹیئر پر محیط ایک بڑے باڑے میں چھوڑا۔ اِن بھینسوں کو آسام کے قاضی رنگا نیشنل پارک سے لایا گیا تھا۔

حکومت اگلے تین سال کے دوران 50 جنگلی بھینسوں کو Kanha خطّے میں واپس لانے کا ارادہ رکھتی ہے۔x

Mexico Hurricanme Simon

کل ایک سمندری طوفان Simon میکسیکو کے بحرالکاہل کے ساحل سے ٹکرایا۔ Sierra Madre پہاڑوں اور سمندر کے درمیان بہت تیز ہوائیں چلیں اور بارش ہوئی۔ یہ طوفان Jalisco ریاست میں مشہور سیاحتی مقام کے قریب پہنچ کر متوازی گردش کرتا رہا۔×

Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''GST: بھارت کی ٹیکس اصلاحات میں یکسر تبدیلی والا رول'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، CBIC کے GST پالیسی وِنگ کے کمشنر گورَو سنگھ کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ - اسعد اللہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب اور پرتاپ سمیت آج کے سبھی اخباروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اس بیان کو صفحۂ اوّل پر شائع کیا ہے کہ بھارت میں نوجوانوں کیلئے بے پناہ موقعے دستیاب ہیں، وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر، ملک کی ترقی میں اہم رول ادا کر سکتے ہیں۔ وزیر اعظم نے تمل ناڈو میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے ساتھ ساتھ چنئی میٹرو کوریڈور کے دوسرے مرحلے کا بھی افتتاح کیا۔

وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے OHCHAR کے دوہرے معیار پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بھارت کے داخلی معاملات میں مداخلت کرنے سے گریز کرے۔ اس خبر کو آج کے اخباروں نے نمایاں کیا ہے۔
روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے: 'بھارت اگلے ہفتے میکسیکو کے ساتھ ترجیحی تجارتی معاہدہ PTA کیلئے مذاکرات کرے گا'۔ اسی اخبار کی ایک اور خبر ہے: اسرائیل کے وزیر اعظم نیتن یاہو نے بھارتی پائلٹ سُمیت مچھر کو 'فلائی دبئی' میں سوار مسافروں کی جان بچانے اور ان کی غیر معمولی ہمت و عزم کی وجہ سے سِویلیَن بہادری کا صدارتی اعزاز دینے کا اعلان کیا۔

اخبارات میں کھیل کی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

☆ فٹبال میں، میسی کا جلوہ برقرار، انٹر میامی کو شاندار جیت دلائی۔
☆ چین نے ورلڈ جونیئر بیڈمنٹن ٹیم چیمپئن شپ کا خطاب اپنے نام کیا۔
☆ آندریواکو ہراکر ژینگ نے چائنا اوپن کا خطاب حاصل کیا۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے بھارتی نوجوانوں کے، قدیم ثقافتی جڑوں سے وابستہ رہنے کے ساتھ ساتھ، عالمی چیلنجوں کو حل کرنے میں، اُن کی صلاحیت کو اُجاگر کیا ہے۔
2- دلی سرکار DURGA اسکیم کے تحت خواتین اور مخنث افراد کو، ایک ہزار 300 ای۔آٹو تقسیم کرے گی۔
3- ریاض ہوائی اڈے پر دو دن کے اندر اندر، حوثیوں کی طرف سے کیے گئے دوسرے حملے میں، ایک شخص ہلاک اور 11 زخمی ہوگئے۔
4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس اور یوکرین کے درمیان توانائی کے ٹھکانوں پر کیے جانے والے حملوں کو فوری طور پر روکنے کا اعلان کیا ہے۔
5- جِبوتی ساحل سے کچھ دور، ایک کشتی کے الٹ جانے کے حادثے میں 139 افراد ہلاک ہوگئے، جس میں گنجائش سے زیادہ لوگ سوار تھے۔
6- اور کرکٹ میں .... بھارت نے تیسرے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں، ویسٹ انڈیز کو 14 رن سے ہراکر، پانچ میچوں کی سیریز میں، دو-ایک سے سبقت حاصل کرلی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔